نظامت جنگلات نیلم فاریسٹ سرکل

☆☆☆

شارٹ ٹینڈر نوٹس

محکمہ جنگلات کے اے و بی کلاس رجسٹرڈ ٹھیکیداران جنہوں نے رواں مالی سال 2023 کی تجدید فیس جمع کرائی ہو سے نیلم سرکل کی تین علاقائی ڈویژن ہا کیرن، شاردہ، کیل ڈویژن (ماسوائے ایریا Musk dear نیشنل پارک گوریز، گھموٹ نیشنل پارک سرگن) سے جنگلی تھوم (Fritillaria Royles) کی برآمدگی کے لئے برائے سیزن 2023 بالمقطع رائیلٹی سنگل سٹیج سنگل لفافہ کی بنیاد پر سربمہر ٹینڈر مطلوب ہیں۔ جو زیر دستخطی کے نام بذریعہ ٹینڈر بکس مورخہ 16-06-2023 بوقت 12:00 بجے دن تک موصول ہو جانے چاہئیں۔ موصول شدہ ٹینڈر اُسی روز بوقت 12:30 بجے دن حاضر ٹینڈر دہندگان کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔ ہر ٹینڈر کے ہمراہ زر بیعانہ کی رسید ملفوف بحق زیر دستخطی شامل کرنا ضروری ہوگی۔ جس کے بغیر ٹینڈر قابل قبول نہ ہوگا۔

نمبر شمار	نام پیداوار خفیفہ	نام ڈویژن / ایریا	کال ڈیپازٹ
01	جنگلی تھوم	کیرن، شاردہ، کیل ڈویژن (ماسوائے ایریا Musk dear نیشنل پارک گوریز، گھموٹ نیشنل پارک)	250,000/-

شرائط:

۱۔ جنگلی تھوم (Fritillaria Royles) کی نکاسی و برآمدگی کے لئے بالمقطع رائیلٹی کی بنیاد پر ٹینڈر دینا ہوگا۔ صرف رجسٹرڈ ٹھیکیداران ٹینڈر دینے کے اہل ہوں گے۔

۲۔ ٹینڈر مقررہ فارم پر دینا ہوگا۔ جو دفتر ہذا سے بالعوض فیس ناقابل واپسی مورخہ 15-06-2023 کو حاصل کیا جا سکتا ہے۔

۳۔ ٹینڈر کے ہمراہ کسی بھی شیڈول بینک کی کال ڈیپازٹ بطور زر بیعانہ ملفوف بنام ناظم جنگلات نیلم شامل کرنا ہوگی۔ جس کے بغیر ٹینڈر فارم قابل قبول نہ ہوگا۔

۴۔ کامیاب ٹینڈر دہندہ ٹھیکہ کی منظوری کے 14 ایام کے اندر اندر رقم رائیلٹی مع ٹیکسز جمع کرانے کے علاوہ محکمہ کے ساتھ اقرار نامہ کرنے کا پابند ہوگا۔ ناکامی کی صورت میں ٹھیکہ منسوخ کرتے ہوئے زر بیعانہ بحق سرکار ضبط ہوگا۔

۵۔ جمع شدہ رائیلٹی کے خلاف برآمد شدہ جنگلی تھوم کی مقدار کم ہونے کی صورت میں محکمہ ذمہ دار نہ ہوگا۔

۶۔ NTFP رولز 2015 کی شق 10 کے تحت جاری ہونے والے اقرار نامہ کی تمام شرائط ٹھیکہ ہذا پر لاگو ہوں گی۔

۷۔ مشکوک یا مشروط ٹینڈر قابل قبول نہ ہوگا۔

۸۔ ٹھیکہ کی منظوری اور رقم رائیلٹی جمع کرانے کے بعد جنگلی تھوم کی ترسیل کے لئے ٹھیکیدار محکمہ سے فارم 25/24 حاصل کرنے کا پابند ہوگا۔ بدوں حصول 25/24 جنگلی تھوم کی ترسیل کی صورت میں جنگلی تھوم قابل ضبطی ہوگی۔

۹۔ ٹھیکیدار کے تعاون سے سرکل ہذا کی حدود میں ضبط شدہ جنگلی تھوم بحق ٹھیکیدار واگزار کی جائے گی۔

۱۰۔ ٹھیکیدار اپنے نمائندگان کی فہرست دفتر ہذا اور مہتمم صاحبان جنگلات کو فراہم کرنے کا پابند ہوگا۔ نیز ڈپو / گودام بھی رجسٹرڈ کروانے کا پابند ہوگا

۱۱۔ کامیاب ٹھیکیدار حکومت کی جانب سے مقررہ کردہ تمام ٹیکسز جمع کرانے کا پابند ہوگا۔ اور ٹھیکہ کے دوران حکومت کی جانب سے مزید کسی قسم کا ٹیکس لاگو ہوا تو بھی ٹھیکیدار ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

۱۲۔ زیر دستخطی کو AJ&K PPRA رولز 2017 کی شق نمبر 33 کے تحت منظوری سے قبل ٹینڈرز مسترد کرنے کا اختیار ہوگا۔

۱۳۔ کسی معاملہ سے متعلق دفتر ہذا / ماتحت ڈویژن ہا کی جانب سے انتظامی ہدایات پر عمل درآمد لازمی کرنا ہوگا۔

۱۴۔ ٹھیکہ ہذا کی میعاد 31-12-2023 تک ہوگی۔

۱۵۔ دیگر تفصیلات دفتر ہذا سے دفتری اوقات کار میں حاصل کی جا سکتی ہیں۔

31/5/23

ناظم جنگلات